www.KitaboSunnat.com

نوعیت کی نہیں ہے بلکہ وہ اپنی کتب میں احادیثِ منقلبہ تک کو داخل کر دیتا ہے اور ان کی حقیقت کو نہیں پہچانتا۔ مزید اس سے مناکیر بھی مروی ہیں تو ایسی حالت میں اس راوی کے متعلق علامہ سیوطیؒ اور علامہ ابن عراق الکنانیؒ وغیرہ کا یہ کہنا کس طرح درست ہو سکتا ہے کہ:

"اس میں کوئی حرج نہیں ہے"

یا اسی طرح علامہ ہیثمیؒ، علامہ سیوطیؒ اور علامہ ابنِ عراقؒ وغیرہ کا یہ فرمانا کہ:

"یہ حدیث حسن کی شرط پر ہے"

(جاری ہے)

ابھی تک اس کی حسرت ہے

عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی

اگر صبر و قناعت ہے تو راحت ہی راحت ہے
تکبر کا مآل اکثر لڑائی ہے عداوت ہے
ہزاروں رنج جلوت کا مداوا کنج خلوت ہے
خدا کے سامنے جھک جا اسی میں تیری رفعت ہے
یہ تیرے دل کی بے چینی گناہوں کی عقوبت ہے
ہمیشہ خندہ رو رہنا شرافت کی علامت ہے
مآل عشرت دنیا سر محشر فضیحت ہے
دلوں کو فتح کر لینا محبت کی کرامت ہے
نعیم خلد سے افضل الٰہی تیری قربت ہے
مدینے میں جو دیکھا ہے ابھی تک اس کی حسرت ہے
اجل ہے گھات میں تیرے
تو عاجزؔ محو غفلت ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ